راشٹریہ سہارا

1-5 MAY 2019

بدلتے ہوئے سماج میں سوشل ورک پیشہ وران کا بدلتا ہوا رول

اردو یونیورسٹی میں ریسرچ کلوکیم اور توسیعی لکچرز کا انعقاد، پروفیسر منیش کمار جھا و دیگر کے خطاب

حیدرآباد (پریس ریلیز) آج کی نیولبرل معیشت کے زمانے میں نہ صرف یہ کہ ملکوں کے معاشی نظام میں تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں بلکہ اس طرز فکر اور طرز معیشت کی وجہ سے سماجی اور ثقافتی زندگی اور سماجی مسائل کی نوعیت پر بھی گہرے اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ کم و بیش اسی نہج پر مختلف شعبہ سوشل ورک کے اداروں سے آئے ہوئے معلمین نے شعبہ سوشل ورک، مانو میں اظہار خیال کیا۔ واضح رہے کہ ریسرچ کلوکیم اور توسیعی لکچرز کے فورم کے تحت تین موضوعات پر لکچرز منعقد کیے گئے۔ پروفیسر منیش کمار جھا، اسکول آف سوشل ورک، ٹاٹا انسٹی ٹیوٹ آف سوشل سائنسز، ممبئی نے سوشل ورک میں تحقیق کرتے وقت اصولی اور عملی مسائل، موضوع کے انتخاب سے لے کر تحقیق کی تکمیل کے مراحل پر سیر حاصل گفتگو کی۔ انھوں زور دیا کہ تحقیق کے دائرہ کار میں اضافہ ہو رہا ہے اور مسائل کی تہ تک جانے کی ضرورت ہے تاکہ تحقیق کی معنویت اور افادیت بڑھ سکے۔ پروفیسر جھا نے تحقیق کے ٹیکنکل پہلوؤں کو باریکی سے سمجھایا اور ساتھ ہی معیاری اور مقداری تحقیق سے متعلق رائج بہت سارے عناصر پر روشنی ڈالی۔ اپنی گفتگو کے دوران انھوں نے کہا کہ سوشل ورک میں جامع اور اچھی تحقیق کرنے کے لیے کسی بھی سماجی مظہر کو سماجی اور تنقیدی تھیوری کی مدد لانا ناگزیر ہے۔ ساتھ ہی ساتھ انھوں نے اس دوران انھوں نے بیشتر وقت تحقیق کے حوالے سے طلبا کے سوالات پر اپنے خیالات ظاہر کیے۔ دوسرا لکچر پروفیسر ایس ایم ساجد، شعبہ سوشل ورک، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے لکچر کا مرکزی موضوع تھا کہ سماج کے ساختیاتی مسائل کی افہام و تفہیم کے بغیر پیشہ وران کی موثر مداخلت ناممکن ہے۔ انھوں یہ خیال ظاہر کیا کہ پیشہ وران کے لیے ضروری ہے کہ وہ ضروری ہے کہ سماجی انصاف کے نکتہ نظر سے مسائل کو سمجھے اور ان کو حل کرنے کی کوشش کرنا ہی ان کے لیے بہت ہے کیونکہ سماجی مسائل کو پیدا کرنے اور انھیں فروغ دینے میں جو طاقتیں شامل ہیں ان کو چیلنج کر کے کوئی ساختیاتی بدلاؤ لانا پیشہ وران کے دائرہ اختیار سے باہر ہے۔ اس ضمن میں پروفیسر ساجد نے عالمی پیمانے پر ہونے والی بے روزگاری، غریبی، عدم مساوات سے متعلق قیمتی اعداد و شمار پیش کیے۔ مثالیں فراہم کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ غریبوں کے ساتھ کام کرتے وقت یہ سمجھنا بھی ضروری ہے کہ غریبی کی اصلی جڑیں کہاں پیوست ہیں کیونکہ وسائل و ذرائع، مراعات اور اقتدار کے باہمی تعلقات کی فہم کے بغیر غریبی کی تشریح نہیں کی جاسکتی۔ اسی سلسلے میں آخری لکچر پروفیسر نیرا اگنی مترا، شعبہ سوشل ورک، یونیورسٹی آف دہلی کے لیے مختص تھا۔ انھوں طلبا کے ساتھ روبرو ہوتے ہوئے اپنی نشست کو مکالماتی بنایا۔ پروفیسر اگنی مترا نے سوشل ورک معلمین اور طلبا میں پیشہ ورانہ خصوصیات پر گفتگو کی، انھوں نے واضح انداز میں کہا کہ بدلتے ہوئے سماج میں انسانی رشتوں کی اہمیت گرتی ہوئی نظر آرہی ہے اور دور جدید کی ٹکنالوجی اور معاشی حرکت پزیری نے بھی انسانوں کے رویوں پر گہرا اثر ڈالا ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے ایسی صورت حال میں بھرپوری ایمانداری اور کمٹ منٹ کے ساتھ روزمرہ کی زندگی میں تبدیلی لانے کی ضرورت اساتذہ اور طلبا دونوں کے لیے یکساں اہمیت کی حامل ہے۔ ہر نشست کے دوران اور اس کے بعد سوال و جوابات ہوئے۔ ان تینوں پروگراموں میں پروفیسر محمد شاہد رضا نے مہمانوں کا استقبال کیا اور شکریہ کے کلمات ادا کیے۔

راشٹریہ سہارا

1-5 MAY 2019

ہاشمی سید وہاج الدین کی اردو میں ترجمۂ قرآن کی تاریخ پر پی ایچ ڈی

حیدرآباد (پریس ریلیز) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے شعبۂ مطالعاتِ ترجمہ کے اسکالر ہاشمی سید وہاج الدین ولد ہاشمی سید قمر الدین کو ان کے مقالہ بعنوان ''اردو میں ترجمۂ قرآن کی تاریخ'' کی بنیاد پر پی ایچ ڈی کی ڈگری کا اہل قرار دیا گیا۔ انہوں نے اپنا مقالہ ڈاکٹر فہیم الدین احمد، اسسٹنٹ پروفیسر کی نگرانی میں تحریر کیا۔ ان کا وائیوا 8 ر اپریل کو منعقد ہوا تھا۔

Telangana Today - 6 MAY 2019

Alert

MANUU extends last date for entrance test applications

HYDERABAD: Maulana Azad National Urdu University (MANUU) has extended the last date for online submission of application forms for entrance based regular courses up to May 10.

Dr. M. Vanaja, Director, Directorate of Admissions, said the last date was extended in view of representations received from different stakeholders across the country. The scheduled dates of entrance tests remain unchanged.

With the last date extension, candidates can submit online applications for admissions into all entrance based courses such as MBA, M.Tech (CS), MCA, B.Tech, M.Ed, B.Ed, D.El.Ed and polytechnic Diploma in Engineering (Civil, Computer Science, Electronics and Communication, Information Technology, Mechanical, Electrical and Electronics, Automobile and Apparel) and all PhD courses.

Online applications for merit based UG, PG, Diploma and Certificate courses can be submitted up to June 30. The university is also offering bridge courses for Madrassa pass outs.

For details or any clarifications, email admissionsregular@manuu.edu.in or visit university website www.manuu.ac.in.

TT

Scanned with CamScanner

رہنمائے دکن

- 6 MAY 2019

مولانا آزاد اردو یونیورسٹی میں NEET امتحان کے دوران مرکز سے رجوع ہونے والے طلباء کی سکیوریٹی کنسلٹنٹ طاہر علی رہنمائی کرتے ہوئے۔

Scanned with CamScanner